لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۶	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۹ محرم الحرام سنہ ۱۳۳۵ھ مطابق ۶ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء	جلد ۲۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت تکمیل عطائے اجازت نامہ تعمیر مکانات	۱ و ۲
۲	انتقام جگہ نائب محافظ دفتر فوجداری	۲

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر واقع ۲۲ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء

عطائے اجازت تعمیر مکانات وغیرہ کی بابت جو درخواستیں میونسپلٹی میں گزرتی ہیں انکی بابت اسوقت تک یہ قاعدہ مرعی ہے کہ ممبر و سپرنٹنڈنٹ حلقہ سے کیفیت طلب ہونے کے بعد میونسپل افسر صاحب بعد تصدیق اجلاس ہذا میں بھیجدیتے ہیں برائے مزید اطمینان یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بعد تحریر کیفیت ممبر و سپرنٹنڈنٹ حلقہ جملہ درخواستہائے

عطائے اجازت تعمیر مکانات وغیرہ متعلقہ میونسپلٹی سینٹری انجینیر صاحب
کے پاس بھیجی جایا کرین سینٹری انجینیر صاحب موقع پر خود جاکر جانچ کرکے
اور اپنا نوٹ تحریر کرکے خدمت مین میونسپل افسر صاحب کے بھیجدیا کرین
میونسپل افسر صاحب تصدیق کرکے حسب قاعدہ اجلاس ہذا مین
ارسال کیا کرین۔ ایسی صورت مین اس امر کا اطمینان کافی طور پر ہوجائیگا
کہ ممبر وسپرنٹنڈنٹ حلقہ نے جو کیفیت تحریر کی ہو صحیح ہے بابت انجام دہی
خدمات مذکورۂ بالا سینٹری انجینیر صاحب کا الاؤنس کچھ عرصہ کے بعد
بلحاظ کام مقرر کیا جائیگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا اطلاعاً و تعمیلاً خدمت مین میونسپل افسر صاحب کے مرسل ہو
اور ایک نقل روبکار برائے تعمیل سینٹری انجینیر صاحب کے پاس بھیجی جائے
اور ایک نقل روبکار برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۲ اکتوبر ۱۹۱۶ء

منشی کلب حسن خان نائب محافظ دفتر فوجداری بمنشاء حکم بندگان عالی
دام اقبالہم وملکہم سب انسپکٹر صیغہ پولیس مین مامور ہوئے ہین۔
لہذا حسب تحریر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منشی کلب حسن خان
نائب محافظ دفتر کی ملازمت صیغہ پولیس کو منتقل کیجائے۔ اور
بجائے اُنکے حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہو۔

(۱) منشی آغا نواب اہلمد فوجداری ضلع مشاہرہ دار سولہ روپیہ باضافہ
دو روپیہ ماہوار نائب محافظ دفتر فوجداری مقرر ہو۔

(۲) بجائے منشی آغا نواب انوار رسول محرر شمول محافظ خانہ فوجداری
تبدیل ہو۔

(۳) ابرار حسین اپرنٹس جو سب سے پرانا ہو وہ امتحاناً برائے چھ ماہ بمشاہرہ
دس روپیہ ماہوار بجائے انوار رسول محرر شمول محافظ خانہ فوجداری
مقرر کیا جائے۔

(۴) منشی جمیل احمد اہلمد فوجداری کی تنخواہ مین تین روپیہ ماہوار اور عبدالمجید خان
و احمد سعید خان اہلمد کی تنخواہ مین دو دو روپیہ ماہوار اور چمن لال
اہلمد کی تنخواہ مین ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا